26/04/2026

09:25 /AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں مسرت شاہ

من کی بات

وزیر اعظم نریندر مودی من کی بات کے اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام میں آج مختلف موضوعات پر اپنے خیالات کا اظہا رکریں گے۔ یہ اس پروگرام کی 133ویں قسط ہوگی ۔

من کی بات پروگرام آکاشوانی اور دور درشن کے پورے نیٹ ورک پر دن کے 11بجے بیک وقت نشر کیاجائےگا۔ہندی نشریے کے فوراً بعد اس کا علاقائی زبانوں میں ترجمہ بھی براڈ کاسٹ کیا جائے گا ۔

چِنتن شِوِر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے زمینی سطح پر گاؤں دیہات میں کھیل کود کے کلچر کو بڑھاوا دینے کی ضرورت اُجاگر کی ہے۔

سرینگر میں کھیل کود سے متعلق قومی سطح کے ” چِنتن شِوِر“ سے خطاب کرتے ہوئے منوج سنہا نے پروگرام میں موجود ریاستوں اور مرکزی اہتمام والے علاقوں کے کھیل کود کے وزیروں اور اس شعبے کے دیگر عہدیداروں سے کہا کہ وہ سکولوں میں تعینات فزیکل ایجوکیشن ٹیچرس کو تمام وسائل مہیا کرائیں۔ انہوںنے کہا کہ PETs کو اکثر دوسرے مضامین کے ہم منصب اساتذہ سے کمتر سمجھا جا تا ہے لیکن یہ ذہنیت بدلنے کی ضرورت ہے۔

منوج سنہا نے کہا کہ PETs بھارت کو کھیل کود کا ایک سُپرپاور بنانے کے سفر میں اہم کردار ادا کر تے ہیں۔

---(Chintan)--LG-----

اس موقعے پر کھیل کود کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویہ اور جمونو کشمیر کے وزیر کھیل ستیش شرما نے بھی خطاب کیا۔

CM

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموںو کشمیر کو فلمسازی کےلئے صف اول کی ایک موزون مقام قرار دیا ہے۔

کرناٹک کے بنگلورو میں ممتاز فلمسازوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے عمر عبداللہ نے انہیں یقین دلایا کہ جموں وکشمیر میں فلموں کی شوٹنگ کےلئے حکومتی سطح پر ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔

الیکشن کمشنر

سٹیٹ الیکشن کمشنر شانت منو نے تمام اہل شہریوں سے کہا ہے کہ وہ ووٹر فہرستوں میں اپنا اندراج یقینی طور پر کرائیں۔

گاندربل کے دورے کے دوران الیکشن کمشنر موصوف نے ضلعے میں چناؤ فہرستوں کی خصوصی نظر ثانی کے عمل کا جائزہ لیا۔ انہوننے اس سلسلے میں ہر سنیچر اور اتوار کو لگنے والے کیمپوں کی جگہوں کا بھی معائنہ کیا۔

DIG

آرمڈ پولیس کی ذمہ داری دے دی گئی ہے۔DIGنارتھ مقصود الزماں کوDIG

آفیسر ڈاکٹر وِنود کمار نے شمالی کشمیر رینج کے ڈپٹی انسپکٹر جنرل کے IPS ان کی جگہ سینئر بطور اپنا عہد سنبھال لیا ہے۔

ٹیکہ کا ری

عالمی
ہفتہ

ٹیکہ کا ری کے سلسلے میں جموںوکشمیر میں بھی مختلف پروگراموں کا انعقاد جا ری ہے۔ ۃ
اس ہفتے کے دوران مختلف بیماریوں سے بچاؤ کےلئے لوگوں کو ٹیکہ کا ری کرنے کے فوائد کے بارے میں جانکاری دی جا تی ہے۔

اس ہفتے کی اہمیت کے بارے میں ڈائریکٹوریٹ آف فیملی ویلفیر جموںوکشمیر میں سٹیٹ ایمونائزیشن آفیسر ڈاکٹر شاہد حسین نے آکاشوانی نیوز سرینگرکے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

--Dr. Shahid Hussain-

شاہین

جنتا دل یونائٹیڈ جموںو کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے جموںو کشمیر میں بقول ان کے سڑکوں کی خستہ حالی پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔

انہوننے کہا ہے کہ یہ صورتحال سرکار کی ناکامی کی عکاسی کر تی ہے۔

اُردو کونسل

جموں کشمیر اردو کونسل نے محکمہ مال میں پٹواریوں اور نائب تحصیلدار اسامیوں کی بھرتی کے لئے اردو زبان کی لازمی شرط حذف کرنے کے مبینہ فیصلے پر تشویش کا اظہارکیا ہے۔

کونسل نے فیصلے پر نظر ثانی کا مطالبہ کر تے ہوئے اس سلسلے میں ایک قرار داد کے ذریعے سرکار کی توجہ مبذول کرائی ہے ۔

خوراک

جموںو کشمیر میں اب تک17ہزار500مائیگرنٹ راشن کارڈوں کو نیشنل فوڈ سکیورٹی ایکٹ کے ڈیٹا بیس کے ساتھ جوڑ دیا گیا ہے جبکہ ایسے مزید8ہزار راشن کارڈوں کو بھی اس کے ساتھ زم کرنے کا عمل زیر غور ہے۔

ان باتوں کی جانکاری امداد و باز آبادی کاری کے محکمے کے پرنسپل سیکریٹری چندرا کر بھارتی کی صدارت میں منعقدہ ایک میٹنگ میں دی گئی جس دوران کشمیر اور جموںکے مائیگرنٹوں کےلئے سپیشل رلیف راشن سکیم کے تحت اناج کی تقسیم کا ری کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔

میٹنگ میں خوراک اور امور صارفین کے کمشنر سیکریٹری سوربھ بھگت اور دیگر متعلقہ عہدیدار بھی موجود تھے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 10اعشاریہ5ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ23اعشاریہ 3ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

...

....

....

...